الجامعة البنوریة العالمیة

دار الافتاء والقضاء

ای میل darulifta@gmail.com ویب سائٹ www.jamiabinoria.net فون 2560300-2560400 فیکس 2564586

Name :> zeeshan ahmed

Address :> karaachi

Subject :> JAIZ-NAJAIZ

Writer :> طاہر مسعود

Serial No :> 8127

Fatwa No :>

Date :> 4/5/2010

Email :>

asalam o alikum #1 jaib mei mobile rekh ker namaz perhna jis mei tv aur radio hoo kaisa hai #2 mehndi ka khana pakwadena ya aur kisi kam meh hiissa ley lena ju rishtey dar zimai laga dei kaisa hai #3 rshtey daro key naraz honey ki waja sey chalisweiye mei shirkat kerena aur khana kaisa ha #rishtey darro ki narazzgi ki waja sey mix gathering mei jana kaisa hai

السلام علیکم! ۱۔ جیب میں ایسا موبائل رکھ کر نماز پڑھنا کیسا ہے جس میں ٹی وی اور ریڈیو ہو۔

۲۔ مہندی کا کھانا پکوا دینا یا اور کسی کام میں حصہ لینا جو رشتہ دار ذمہ لگا دیں کیسا ہے؟

۳۔ رشتہ داروں کی ناراضگی کی وجہ سے چالیسویں میں شرکت کرنا اور کھانا کیسا ہے؟

۴۔ رشتہ داروں کی ناراضگی کی وجہ سے مخلوط محفل میں جانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً

۱۔ ایسے موبائل کے جیب میں ہونے سے نماز پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

وفی الدر: ولا یکرہ (لو کانت تحت قدمیہ) او محل جلوسہ لانہا مہانۃ (الی قولہ) ومفادہ کراھۃ المستبین لا المستتر بکیس او صرّۃ او ثوب آخر واقرہ المصنف الخ

وفی الرد: (قولہ لا المستتر بکیس او صرّۃ) بان صلی ومعہ صرّۃ او کیس فیہ دنانیر او دراھم فیہا صور صغار فلا تکرہ لاستتارھا بحر الخ (ج: ۱، ص: ۶۴۸)۔

۲۔ کھانا پکا کر دینا اگرچہ جائز ہے مگر شادی بیاہ کے موقع پر کی جانے والی اکثر رسوم ہندوانہ ہیں جو ایک عرصہ تک ہندوؤں کے ساتھ رہنے کی وجہ سے مسلمانوں میں سرایت کر گئی ہیں۔ مہندی بھی انہی میں سے ایک ہے۔ اس لیے حتی الوسع ایسے موقع پر اپنے رشتہ داروں کو سمجھا کر منع کیا جائے۔

۳، ۴۔ چالیسواں اور دیگر بدعات پر مشتمل اور مخلوط محافل پسندیدہ نہیں۔ محض رشتہ داروں کو خوش کرنے کی غرض سے ان میں شرکت کرنے سے احتراز چاہیے۔ واللہ اعلم۔

محمد طاہر مسعود عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۴۳۱/۵/۲۲ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۶ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح
عبد اللہ شوکت [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۶ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱ھ

دار الافتاء ۸۱۲۷ ۱۰/۵/۱۵

[illegible]
15/5/10